22160-کیا بیٹا اپنا قرض ادا کرنے کے لیے والد کی زکاۃ لے سکتا ہے ؟

سوال

کیا اگر کوئی مقروض ہو تو وہ قرض کی ادائیگی کے لیے اپنے والد کی زکاۃ وصول سے سکتا ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ
تعالی سے مندرجہ بالا سوال کیا گیا تو ان کا جواب تھا :

اگر بیٹا مقروض ہو اور وہ ادائیگی نہ
کر سکتا ہو تو امام احمد وغیرہ کے دو اقوال میں سے ظاہر قول کے مطابق اپنے والد کی
زکاۃ لے سکتا ہے .

اور اگر وہ نفقہ وخرچہ کا محتاج ہو
اور اس کے والد کے پاس خرچ کے لیے کچھ نہ ہو تو اس میں نزاع اور اختلاف ہے ، اور
ظاہر یہی ہے کہ اس کے لیے والد کی زکاۃ لینا جائز ہے .

لیکن اگر وہ اپنے والد کے نفقہ سے
مستغنی ہو تو پھر اسے اس کی زکاۃ کی کوئی ضرورت نہیں .